نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کا جڑانوالا ضلع فیصل آباد میں فروٹ و سبزی منڈی کا افتتاح

کاشتکاروں کو اُن کی محنت کا معقول معاوضہ دلوانے کے لئے زرعی منڈیوں کے نظام میں اصلاحات کا عمل جاری ہے: وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور: 23 نومبر 2022 ( ) صوبہ میں 146 زرعی منڈیوں کو آپس میں لنک کیا جا رہا ہے۔ ان ماڈل منڈیوں میں کاشتکاروں کی فلاح کے پیشِ نظر کسان پلیٹ فارم کا قیام او اینڈرائیڈ ایپلیکیشن "منڈی ایپ" کے ذریعے مارکیٹ فیس وصولی کا ریکارڈ مرتب کیا جا رہا ہے تاکہ مڈل مین کا کردار محدود کیا جا سکے اور کاشتکاروں کو اُن کی محنت کا پورا معاوضہ مل سکے۔اس کے علاوہ ماڈل منڈیوں میں زیادہ سے زیادہ شجرکاری بھی کی جا رہی ہے ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے جڑانوالا ضلع فیصل آباد میں فروٹ و سبزی منڈی کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ زرعی منڈیوں سے ناجائز تجاوزات سے پاک رکھنے کے تمام تر انتظامات کئے گئے ہیں اور ماڈل منڈیوں میں مارکیٹ فیس کا شیڈول، کمیشن اور روزانہ کے نرخ واضح جگھوں پر آویزاں جا رہے ہیں۔ پامرا ایکٹ کے نافذ العمل ہونے کے بعد زرعی منڈیوں کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے جس سے تمام اسٹیک ہولڈرز مستفید ہو رہے ہیں۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت اب تک 100 سے زائد نئی منڈیاں قائم کی گئی ہیں تاکہ کاشتکار براہ راست مستفید ہو سکیں اور مڈل مین کے کردار کو محدود کیا جا سکے۔ کاشتکاروں کو اُن کی محنت کا معقول معاوضہ مل سکے۔ اس کے علاوہ صوبہ بھر میں ماڈل منڈیوں میں صفائی ستھرائی کے معیاری انتظامات مکمل انتظامات کئے گئے ہیں اور روزانہ کے آکشن کی بنیاد پر نرخ وضع کئے جا رہے ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع فیصل آباد عبدالحمید، ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی فیصل آباد سمیت محکمہ زراعت پنجاب کے افسران و ملازمین اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

☆☆☆☆